ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 میں لاہور قلندرز کی پہلی کامیابی

- دفاعی چیمپئن کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کو 37 رنز سے شکست
- بین ڈنک اور سمت پٹیل کے مابین 155 رنز کی شراکت

لاہور،3مارچ 2020ء:

ایچ بی ایل پی ایس ایل فائیو کے 16ویں میچ میں لاہور قلندرز نے دفاعی چیمپئن کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کو 37 رنز سے شکست دے دی۔ یہ لاہور قلندرز کی ایونٹ میں پہلی کامیابی ہے۔

لاہور قلندرز کی ٹیم پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے لیگ کی تاریخ کا تیسرا بڑا مجموعہ اسکور بورڈ پر سجانے میں کامیاب ہوئی۔ بین ڈنک اور سمت پٹیل کی عمدہ بلے بازی کی بدولت لاہور قلندرز نے مقررہ بیس اوورز میں 5وکٹوں کے نقصان پر 209 رنز بنائے۔ مطلوبہ ہدف کے تعاقب میں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کی ٹیم 172رنز پر ڈھیر ہوگئی۔

تفصیلات کے مطابق کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے کپتان سرفراز احمد نے ٹاس جیت کر پہلےفیلڈنگ کا فیصلہ کیا توقلندرز کے ابتدائی تین بلے باز7.3 اوورز میں50 کے مجموعی اسکور پر آؤٹ ہوکر پویلین واپس لوٹ گئےکرس لِین 27، فخر زمان 15اور محمد حفیظ بغیر کوئی رنز بنائے آؤٹ ہوگئے۔

چوتھی وکٹ کی شراکت میں بین ڈنک اور سمت پٹیل نے جارحانہ انداز اپنایا اور شاندار بیٹنگ کرتے ہوئے میدانوں کے چاروں اطراف دلکش اسٹروک کھیلے۔ دونوں کھلاڑیوں نے 73 گیندوں پر 155 رنز کی شراکت قائم کرکے لاہور قلندرز کا مجموعہ 200 کے پار لگانے میں مددکی۔ یہ ایچ بی ایل پی ایس ایل کی تاریخ میں چوتھی وکٹ کی سب سے بہترین اور مجموعی طور پر کسی بھی وکٹ کے لیے دوسری بہترین شراکت ہے۔ اس سے قبل لیام لیونگ اسٹون اور بابراعظم ایچ بی ایل پی ایس ایل میں157 رنز کی شراکت قائم کرچکے ہیں۔

دونوں کھلاڑیوں نے مجموعی طور پر 12 چوکے اور 12 چھکے جڑے۔ آسٹریلیا سے تعلق رکھنے والے وکٹ کیپر بیٹسمین بین ڈنک نے 43 گیندوں پر 93 رنز بنائے۔ سمت

پٹیل 40 گیندوں پر 71 رنز بناکر آؤٹ ہوئے۔

کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے بین کٹنگ نے 2 جبکہ فواد احمد، محمد حسنین اور محمد نواز نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔

210 رنز کے تعاقب میں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے اوپنرز ٹیم کو مثبت آغاز فراہم کرنے میں ناکام رہے۔ شین واٹسن اور جیسن رائے پر مشتمل اوپننگ جوڑی ٹیم کو محض 28 رنز کا آغاز فراہم کرسکی۔ جلد وکٹ گرنے کے باعث دفاعی چیمپئن کا مڈل آرڈر بھی مکمل دباؤکا شکار نظر آیا اور یکے بعد دیگرے آؤٹ ہوکر پویلین واپس لوٹتا رہا۔

11.4اوورز میں 94کے مجموعی اسکور پر کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کی 6وکٹیں گرچکی تھیں۔ شین واٹسن23، جیسن رائے 12، احسان علی 2، سرفراز احمد 9،اعظم خان 12اور محمد نواز 24 رنز بناکر آؤٹ ہوئے۔

ساتویں اور آٹھویں نمبر پر میدان میں آنے والےبالترتیب محمد نواز اور بین کٹنگ نے حریف باؤلرز کے سامنے کچھ مزاحمت کی کوشش کی مگر وہ بھی میچ کا متوقع نتیجہ بدلنے میں ناکام رہے۔دونوں کھلاڑیوں کے درمیان65 رنز کی شراکت قائم ہوئی۔

بین کٹنگ نے 27گیندوں پر 5چھکوں اور 3 چوکوں کی بدولت 53 رنز کی اننگز کھیلی۔ فواد احمدنے 13رنزبنائے۔

لاہور قلندرز کے سلمان ارشاد نے 4 جبکہ دلبر حسین، محمد فیضان اور سمت پٹیل نے 2،2 وکٹیں حاصل کیں۔

میچ میں جارحانہ بلے بازی کرنے پر بین ڈنک کو مین آف دی میچ قرار دیا گیا۔

چار مارچ بروزبدھ کو ایچ بی ایل پی ایس ایل فائیو میں ایک میچ کھیلا جائے گا۔ لاہور قلندرز اور اسلام آباد یونائیٹڈ کی ٹیمیں قذافی اسٹیڈیم لاہور میں مدمقابل آئیں گی۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

Partners

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4